## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پرایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں تعزیت

## پاکستان سمیت دنیا بھر سے فیکس اورای میل کے ذریعے بے شمار تعزیتی پیغامات موصول ہورہے ہیں

لندن۔۔۔ 21 ستمبر 2010ء

ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پر ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے مختلف سیاسی وسماجی رہنماؤں، ارکان پارلیمنٹ اورایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کی جانب سے تعزیت کا سلسلہ جاری ہے۔علاوہ ازیں پاکستان سمیت دنیا بھر سے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کوفیکس اورای میل کے ذریعے بھی روزانہ بے شمار تعزیتی پیغامات موصول ہورہے ہیں جن میں ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر قائدتحریک جناب الطاف حسین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا جارہاہےاورشہیدرہنما کوشاندارالفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔جن مزید شخصیات نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکےتعزیت کی ان میں سینیٹ کے سابق چیئر مین اورسینیٹ میں قائدحزب اختلاف سینیٹر وسیم سجاد،سینیٹرمحترمہ شیرالہ نشاط ملک، سندھ اسمبلی کے سابق ڈپٹی اسپیکراورجمہوریہ کیمرون کے اعزازی قونصلیٹ جنرل باری جیلانی، پنجابی پختون اتحادشیرازی گروپ کے چیئر مین مظہرشیرازی،متحدہ قبائل پارٹی یوکے نارتھ لندن کے صدرممتاز خان، پنجابی ادبی کانفرنس کے چیئر مین ڈاکٹر غلام مصطفےٰ راہی،ختم نبوت موومنٹ پاکستان فیصل آباد کےسیکریٹری جنرل صاحبزادہ زاہد قاسمی، جموں کشمیرلبریشن فرنٹ کے رہنماایوب راٹھور،حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کی درگاہ کے سجادہ نشین سید نثارحسین شاہ، ایم کیوایم آسٹریلیا کے آرگنائزرافروز شاہین،نوشہرہ سے افتخاردرانی،محرم خان، ایم کیوایم کینیڈا کے سینٹرل نگراں ڈاکٹر سیدعلی اور پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹوکمیٹی یوکے کے رکن راجہ قیصرشامل ہیں۔ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سانحہ پرانٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں تعزیت کیلئے وفود کی آمد کا سلسلہ بھی جاری ہے۔اسکےعلاوہ پاکستان کے چاروں،صوبوں، آزادکشمیر،گلگت بلتستان اورشمالی علاقہ جات سمیت دنیا کےمختلف مما لک سے ایم کیوایم کے کارکنان اورزندگی کےمختلف شعبوں سےتعلق رکھنے والے متعددافراد نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کرکے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی اوران کی شہادت کوایک عظیم سانحہ اور پاکستان کیلئے ایک بہت بڑانقصان قرار دیا۔

## آزادکشمیرمظفرآباد میں اسکول وین کے دریائے جہلم میں گرنے کے المناک حادثہ پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔21،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزادکشمیرمظفرآباد کے علاقے گھڑی ڈوپٹہ میں اسکول وین کے دریائے جہلم میں گرنے کے المناک حادثہ میں متعدد بچوں کے ڈوب کرجاں بحق ہونے پر گہرے دکھاورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے بچوں کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق بچوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے،سوگواران کوصبرجمیل عطا کرے اورزخمی ہونیوالے بچوں کوجلدومکمل صحت یابی عطافرمائے۔

## روسی قونصلیٹ جنرل Mr.ANDREY DEMIDOV کی نائن زیروپررابطہ کمیٹی سے تعزیت

کراچی۔۔۔21،ستمبر 2010ء

کراچی میں متعین روسی قونصل جنرل MR.ANDREY DEMIDOV نے اسٹنٹ قونصل جنرل MR. TURAL DZADOV کے ہمراہ ایم کیوایم کے مرکزنائن زیروعزیز آبادکادورہ کرکے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستاودیگراراکین محترمہ نسرین جلیل،کنورخالد یونس سے ملاقات کی اوران سے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کےقتل پرتعزیت کا اظہار کیا ہے۔مسٹراینڈری دیمیڈوف نے ڈاکٹر فاروق ستاراوردیگراراکین سے گفتگوکرتے ہوئے ڈاکٹرعمران فاروق کے بہیمانہ قتل پر افسوس کیااوررابطہ کمیٹی کےارکان سے ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق کے بہیمانہ قتل پرانہیں دلی صدمہ ہےاورالطاف حسین سمیت تمام لواحقین اورسوگواران کے دکھ درد میں شریک ہیں۔ملاقات میں ملکی صورتحال بالخصوص کراچی کی سیاسی صورتحال پربھی تفصیلی بات چیت ہوئی۔رابطہ کمیٹی کےارکان نے روسی سفارت کار سےان کی نائن زیروآمد پرشکریہ ادا کیا۔

## ڈاکٹرعمران فاروق ملک کی سیاست میں انسٹیٹیوٹ کا درجہ رکھتے تھے،ان کا بہیمانہ قتل ملک کیلئے بڑا نقصان ہے

## وفاقی وزیر آیت اللہ درانی، جام معشوق علی، مشہور ومعروف تاجر وصنعتکار کاٹی کے نمائندہ وفد اور فرقان حیدر عابدی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔۔21 ستمبر 2010ء

کراچی سمیت ملک بھر سے تعلق رکھنے والی سیاسی ، مذہبی ، ادبی ، ثقافتی ، صحافتی شخصیات ، تعمیراتی تنظیموں ، سماجی انجمنوں اور علمائے کرام سمیت مختلف برادریوں وشعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد پر مشتمل وفود کی جانب سے ایم کیوایم کے کنوینر عمران فاروق کی شہادت پر تعزیت کا سلسلہ پانچویں روز بھی جاری رہا، اس سلسلے میں نائن زیرو پر تشریف لانے والی شخصیات نے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی نہ صرف سخت ترین الفاظ میں مذمت کی بلکہ اس قتل کو ملک کی سیاست میں بڑا نقصان بھی قرار دیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے وفاقی وزیر آیت اللہ درانی ، سابق وزیر اعلیٰ سندھ جام صادق علی کے صاحبزادے جام معشوق علی ، مشہور ومعروف تاجر وصنعتکار ایس منیر وکاٹی کے نمائندہ وفد کے ارکان ، حیدرآباد چیمبر آف کامرس کے نمائندگان ، کراچی حیدری مارکیٹ کے صدر ایاز ، ممتاز شیعہ عالم دین سیّد فرقان حیدر عابدی ، سیّد ضامن عباس نقوی ، سیّد مبشیر حسین نقوی ، سیّد محمد کاظم ، پاکستان میمن تاجر اتحاد ، بانٹوا جماعت ، لیاری کی ڈھلی برادری ، آل پاکستان ذرگرز جیولر ایسوسی ایشن ، سندھ ہول سیل پولیٹری فارم ایسوسی ایشن ، الائنس آف مارکیٹ ایسوسی ایشن آرام باغ کراچی ، الیکٹرانکس ڈیلرز ایسوسی ایشن کراچی ، الیکٹرونکس مارکیٹ ، آل قریشی برادری محمود آباد ، بزنس پاکستان چوک ایسوسی ایشن صدر کراچی ، صدر ایمپریس مارکیٹ کی تاجر برادری ، چھیپا برادری ، بوھری آدم مسجد کمیٹی اور سردار کرشن سنگھ کی سربراہی میں سکھوں وادبی ، وسماجی انجمنوں کے ارکان نے اپنے وفود کے ہمراہ منگل کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پہنچے اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار ودیگر اراکینِ رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل ، سید مصطفی کمال ، وسیم آفتاب ، ڈاکٹر صغیر احمد ، کنور خالد یونس سمیت حق پرست ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی خوش بخت شجاعت ، فوزیہ اعجاز ، امام الدین شہزاد ، منظر امام ، مظاہر امیر ، اور محترمہ بلقیس مختار سے مختلف اوقات میں ملاقاتیں کیں اور ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پر اپنی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو میں ایم کیوایم کے کنوینر عمران فاروق کی شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت اور کہا کہ انکی شہادت سے ملکی سیاست میں جو خلا پیدا ہوئی ہے اسے کبھی پُر نہیں کیا جاسکتا ہے۔ ڈاکٹر عمران فاروق کا قتل ملک کی سیاست کے لئے بہت بڑا نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق نفس اور بہادر انسان تھے وہ ملکی سیاست میں اپنی مثال آپ تھے اور ایک انسٹیٹیوٹ کی حیثیت رکھتے تھے۔ انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت ایک عظیم سانحہ ہے۔ محمد یونس

## محمد یونس نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے گھر فون کرکے اہل خانہ سے تعزیت کی

لندن ۔۔۔۔ 21 ستمبر 2010ء

ایم کیوایم انٹرنیشنل ریلیشنز ڈویژن کے جوائنٹ کوآرڈی نیٹر محمد یونس نے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت کو ایم کیوایم کیلئے ایک عظیم سانحہ قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں محمد یونس نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق ایم کیوایم کے کنوینر ہی نہیں بلکہ ایم کیوایم کے ایک ایسے رہنما تھے جنہوں نے تحریک کو طلبہ تنظیم سے ایک بڑی عوامی جماعت میں تبدیل کرنے اور اسے پھیلانے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے تحریک کی جدوجہد میں جو قربانیاں دی ہیں وہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ محمد یونس نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت یقیناً ہماری تحریک کا ناقابل تلافی نقصان ہے لیکن یہ ہمارا عزم ہے کہ اس سانحہ کے باوجود ہمارے حوصلے نہیں ٹوٹیں گے اور ہم آخری سانس تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔ دریں اثناء محمد یونس نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے گھر فون کرکے انکے والد فاروق احمد سے تعزیت کی اور انٹرنیشنل ریلیشنز ڈویژن کے تمام ارکان کی جانب سے دلی تعزیت اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ انہوں نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے قائد تحریک الطاف حسین اور تمام ارکان سے بھی تعزیت کی۔

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے بلوچستان، ملتان، راولپنڈی، سکھر اور میرپورخاص اور ملک دیگر مقامات پر ایم کیو ایم کے دفاتر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات

کراچی۔۔۔21ستمبر 2010ء

شہید انقلاب متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر بلوچستان، راولپنڈی، ملتان، سکھر، میرپورخاص اور ملک بھر میں دیگر مقامات پر ایم کیو ایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کے انعقاد کا سلسلہ پانچویں روز بھی جاری رہا اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اجتماعات میں ماحول سوگوار تھا، ذمہ داران وکارکنان غم وصدمے سے نڈھال تھے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے دفاتر پر سیاہ پرچم لہرائے گئے ذمہ داران وکارکنان نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ رکھی تھیں۔ تفصیلات کے مطابق ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے مرکزی آفس میں منعقد ہوا جس میں ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک، جوائنٹ انچارج رحیم شاہ، زونل کمیٹی کے دیگر اراکین اور کارکنان وہمدردوں نے شرکت کی اسی طرح جہلم، چکوال، اٹک، منڈی بہاؤالدین، خوشاب، میانوالی اور بکھر میں بھی شہید کے ایصال ثواب کیلئے اجتماعات منعقد ہوئے اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ایم کیو ایم بلوچستان کے تحت قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ایم کیو ایم بلوچستان کے صوبائی دفتر واقع کوئٹہ میں ہوا۔ بعدازاں کچلاک میں تعزیتی اجلاس ہوا جس میں صوبائی سیکریٹری نشرواشاعت انور خان ترین، صوبائی سیکریٹری فنانس ڈاکٹر عبدالغنی کاسی، ضلعی آرگنائزر سید سلیم اختر ایڈوکیٹ، ضلعی سیکریٹری فنانس شاہ حسین چنگیزی، ضلعی آفس سیکریٹری محمد ادریس اور کارکنان وہمدردوں نے شرکت کی۔ ایم کیو ایم ملتان کے تحت قرآن خوانی کا اجتماع ملتان زون پر ہوا جس میں شہید کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ ایم کیو ایم سکھر زون شعبہ خواتین کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے زونل آفس واقع جناح چوک سکھر پر قرآن خوانی وآیت کریمہ کے ورد کا اہتمام کیا گیا جس میں خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اسی طرح ایم کیو ایم سکھر زون کے تحت مضافاتی یوسیز واقع پنوعاقل میں بھی قرآن خوانی وآیت کریمہ کے ورد کا اہتمام کیا گیا جن میں پنوعاقل کی یوسیز 35، 36، 40 اور 42 اور باگڑجی کی یوسی 19 شامل ہیں۔ ایم کیو ایم میرپورخاص زون کے تحت شہید کنوینز کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے زونل آفس پر قرآن خوانی فاتحہ خوانی کا اجتماع ہوا جس میں ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن اور وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر غلام حیدر اہو، میرپورخاص زون کے زونل انچارج عظیم دانش، حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی، بلدیہ میرپورخاص کے ایڈمنسٹریٹر وہاب عباسی سمیت عمائدین شہر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے تعزیتی اجلاسوں میں کارکنان وہمدردوں اور عمائدین شہر نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہیدِ انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق پرعزم وباحوصلہ انسان تھے، شہید نے کٹھن اور مشکل حالات میں حق پرستی کی تحریک کیلئے جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہیدِ انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق آخری دم تک تحریکی ساتھیوں کی تربیت کرتے رہے اوران کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک ٹولہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے کارکنان کے حوصلوں کو ہرگز پست نہیں کرسکتا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے لہو کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے اور حق پرستی کے مشن ومقصد اور نظریہ کے کامیابی تک جدوجہد جاری کرتے رہیں گے۔

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی نائن زیرو پر تعزیتی ملاقاتیں اور میڈیا سے گفتگو

کراچی۔۔۔21ستمبر 2010ء

شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے لندن میں بہیمانہ طریقے سے قتل کی واردات قائد تحریک جناب الطاف حسین کے اعصاب کو توڑنے کی ناکام کوشش ہے اور ڈاکٹر عمران فاروق کو شہید کرکے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خلاف آواز بلند کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو ایک اور گہرا گھاؤ لگایا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی، ادبی شخصیات اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے تعزیتی ملاقاتیں اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر لندن میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل پر مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں، تنظیموں، انجمنوں، علمائے کرام اور مختلف مکاتب سے تعلق رکھنے افراد کی جانب سے تعزیت وافسوس کا سلسلہ جاری ہے اور دن بھر تعزیت کیلئے آنے والوں کو تانتا بندھا رہا۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کا کہنا تھا کہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کا لندن میں بہیمانہ قتل حق پرستی کی تحریک کیلئے کڑے امتحان کا وقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کو غلط رنگ دینے کیلئے سرگرم ہوگئے ہیں اور مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے شہر میں ایک مرتبہ پھر معصوم وبے گناہ افراد کی زندگیوں سے کھیل

رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پر کڑے اور مشکل وقت میں بھی گھناؤنی سازشیں کر کے صبر وضبط کو توڑنے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اتنے بڑے عظیم سانحہ پر بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین، ایم کیو ایم کے ذمہ داران، کارکنان نے جس طرح عملی طور پر پرامن رہ کر سوگ منایا اس سے سازشی عناصر بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں۔ انہوں نے جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان کو عظیم سانحہ پر امن رہ کر جھیلنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سازشی عناصر کو نیست و نابود کرے اور حق پرستی کی تحریک کو منزل پر پہنچائے اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

## ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے خان گڑھ ضلع مظفر گڑھ کے سیلاب متاثرین میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان تقسیم کیا گیا

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا امدادی سامان دشوار گزار راستوں سے گزر کر کشتیوں کے ذریعے لیکر متاثرین تک پہنچے

مظفر گڑھ۔۔۔21، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام گزشتہ دنوں خان گڑھ ضلع مظفر گڑھ میں سیلاب زدگان میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان تقسیم کیا گیا۔اس سلسلے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوادشوار گزار راستوں سے گزر کر کشتیوں کے ذریعے سیلاب سے متاثرہ علاقے مظفر گڑھ پہنچے جہاں انہوں نے سیلاب سے متاثرہ سینکڑوں خاندانوں میں آٹا، چاول دودھ، چائے کی پتی، بچوں کا دودھ، پانی، ملبوسات، واٹر کولر، دوائیاں اور ضروریات زندگی کا دیگر سامان تقسیم کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم ملتان زون مظفر گڑھ ضلع کے انچارج وار اکین کمیٹی بھی موجود تھے۔افتخار اکبر رندھاوا نے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کے افراد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ افراد جہاں کہیں اور جس مشکل میں بھی ہوں ان کی مدد کرنا ہر پاکستانی کا فرض ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سیلاب سے متاثرہ افراد کی امداد و بحالی کیلئے انتہائی فکر مند ہیں اور ان کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان اور رضا کاروں کو سیلاب متاثرین کیلئے طبی و امدادی سرگرمیاں مسلسل جاری رکھنے کی ہدایت ہے۔اس موقع پر سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کے افراد نے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں ہماری مدد اور خبر گیری کیلئے کوئی نہیں آیا اور آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے ہمیں امدادی سامان فراہم کر کے عملی طور پر ثابت کر دیا ہے کہ وہ دکھی انسانیت کی خدمت میں پیش پیش ہیں اور سیلاب متاثرین کی مدد بھی دکھی انسانیت کے خدمت کے جذبے کے تحت انجام دے رہے ہیں۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیو ایم کوئٹہ صوبائی کمیٹی اور شعبہ خواتین کے تحت عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا سلسلہ چھٹے روز بھی جاری رہا

## شعبہ خواتین کی ارکان اور صوبائی کمیٹی کے اراکین کے علاوہ مختلف ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران وکارکنان کی شرکت

کوئٹہ۔۔۔21 ستمبر 2010ء

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے کنونیر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کوئٹہ کے صوبائی دفتر میں چھٹے روز بھی قرآن خوانی وفاتحہ کا سلسلہ جاری رہا۔اس سلسلے میں منگل کے روز صوبائی کمیٹی اور شعبہ خواتین کے تحت کوئٹہ کے صوبائی دفتر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا انعقاد کیا گیا۔جس میں کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی ارکان اور صوبائی کمیٹی کے اراکین کے علاوہ مختلف ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔قرآن خوانی کے اجتماع میں شہید انقلاب عمران فاروق شہید کو بہترین تحریکی خدمات پیش کرنے اور حق پرستی کی جدوجہد میں اہم کردار ادا کرنے پر پرزبردست خراجِ عقیدت پیش کیا گیا اور انکے بلند درجات کیلئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

## ملیر سیکٹر یونٹ 96 ایلڈر رونگ کے کارکن خلیل احمد خان انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔21، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن خلیل احمد خان انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ،سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔21، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 ایلڈر رونگ کے کارکن خلیل احمد خان ،ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن اشرف عباسی کے بھائی مشرف عباسی ، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 134 یونٹ انچارج عاطف شروانی کے والد آصف محمود خان ،گلستان جوہر سیکٹر یونٹ جوہر A کے کارکن محمد ادریس کے والد عبدالمجید ،ایم کیوایم سانگھڑ زون سیکٹر شہداد پور یوسی ون کے جوائنٹ انچارج محمد نسیم صدیقی کے بھائی محمد سلیم انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ،سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ( آمین )

☆☆☆☆☆